بین الاقوامی کانفرنس

# علم وفکر، تعلیم، معاشرہ وتمدن کی اسلامی تناظر میں تعمیر نو

ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی خدمات کا علمی جائزہ

(۱۵۔ ۱۶ فروری ۲۰۱۷ء)

المؤتمر الدولي

# إعادة بناء الفكر والتعليم والمجتمع والحضارة من منظور إسلامي

دراسة وتقييم لإسهامات الدكتور محمود أحمد غازي رحمه الله

١٥-١٦ فبراير ٢٠١٧ م/ ١٧-١٨ جمادي الأول ١٤٣٨هـ

International Conference

# Reconstruction of Thought, Education, Society & Civilization from an Islamic Perspective:

Appraisal of Dr Mahmood Ahmad Ghazi's Contribution

February 15–16, 2017

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

## تعارف

اس پوری کائنات بشمول بنی نوعِ انسان، کے خالق اور حاکمِ حقیقی، اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ، کا قرآنِ حکیم میں اہل ایمان سے یہ مطالبہ ہے کہ وہ اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جائیں۔ اس حکم ربانی کا تقاضہ ہے کہ ہر مسلمان تمام شعبہ ہائے زندگی کے ہر ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے احکامات کی بجا آوری کرے۔ زندگی کے ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی منشا کے مطابق اسی صورت میں عمل ہو سکتا ہے کہ انفرادی و اجتماعی زندگی کے تمام اعمال خاتم الرسل والأنبیاء محمد ﷺ کی سنت و سیرت کے مطابق انجام دیئے جائیں۔

اس ہدف کے حصول کے لیے نئی صدی ہجری کے آغاز کے موقع پر علماء، حکمرانوں اور دانش وروں ہی میں نہیں عامۃ المسلمین میں بھی اس بات کا شدت سے احساس پیدا ہوا کہ جدید دور کے نت نئے اور پیچیدہ مسائل کے تناظر میں اس امر کی از حد ضرورت ہے کہ مسلمان علماء و مفکرین، خاص طور پر وہ افراد جو علومِ اسلامی کے ساتھ ساتھ جدید علوم کے بھی ماہر ہوں، عصر حاضر کے علوم و افکار کا اسلامی علوم کے نقطہ نظر سے تجزیہ کرتے ہوئے امت کے افراد اور اداروں کو ضروری رہنمائی فراہم کرنے کا اہتمام کریں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اسلامی دنیا کے مختلف ممالک میں متعدد قومی اور بین الاقوامی اسلامی جامعات کا قیام عمل میں آیا۔ انہی جامعات میں سے ایک بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد بھی ہے۔ اس یونیورسٹی کا ایک اہم حصہ دعوۃ اکیڈمی ہے۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں "دعوۃ" کو ایک ایسا میدانِ علم اور شعبۂ تخصص سمجھتے ہوئے کہ جو اسلام اور دیگر ادیان و نظریات کے گہرے مطالعہ کا متقاضی ہے، تعلیمی، تربیتی اور تحقیقی پروگرام روبہ عمل لانے کے لیے دعوۃ اکیڈمی قائم کی گئی۔ ان سرگرمیوں کے پیش نظر مقصد یہ تھا کہ دور جدید کی پیچیدگیوں اور ان سے پیدا ہونے والے نت نئے مسائل میں گھری ہوئی امت مسلمہ کی سب سے اہم ضرورت یعنی عصر حاضر کے تقاضوں سے اللہ رب العزت کے احکام اور رسولِ رحمت ﷺ کی سنت کی روشنی میں عہدہ برآ ہونے کے لیے ضروری رہنمائی

فراہم کرنے کے لیے مروجہ اسلامی علوم اور معاشرتی و طبعی علوم میں جدید تحقیقات کے علمی تجزیہ و امتزاج کے عمل میں دعوۃ اکیڈمی بنیادی کردار ادا کرے۔

دعوۃ اکیڈمی اور بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے تعلیمی، تربیتی اور تحقیقی پروگرام وضع کرنے اور انھیں عملی شکل دینے میں جو ممتاز علماء پیش پیش رہے، ان میں (اس وقت نوجوان) ڈاکٹر محمود احمد غازی علیہ الرحمہ کی شخصیت بھی تھی۔ اسلام کے ایک جامع تصور اور اسے ایک مکمل نظامِ حیات کے طور پر سمجھنے اور اجاگر کرنے میں ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ نے اپنی زندگی کے آخری لحات تک انتہائی موثر اور متحرک انداز میں کام کیا۔ اسلامی و عصری علوم کے گہرے مطالعہ ، تجزیہ اور امتزاج کی کوششوں کے ذریعے سے انہوں نے علم و عمل، تعلیم و تحقیق، معاشرت وریاست، انتظام و معیشت اور قانون وعدلیہ جیسے جدید شعبوں کی اسلامی تناظر میں تعمیرِ نو میں بیش قیمت خدمات انجام دیں۔ اس سوچ اور مشن کو آگے بڑھانے اور ڈاکٹر محمود احمد غازی کی اس میدان میں خدمات کو اجاگر کرنے اور ان کا علمی تجزیہ وجائزہ پیش کرنے کی خاطر دعوۃ اکیڈمی نے دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مختلف میدان ہائے علم اور شعبہ ہائے حیات میں ڈاکٹر غازیؒ کی خدمات کو سمجھنے اور افراد، معاشرہ اور ریاستی اداروں کی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تعمیرِ نو کے لیے علم و فکر کا جو سرمایہ وہ ہمارے لیے چھوڑ گئے ہیں اس سے کما حقہٗ استفادہ کے لیے کانفرنس میں پیش کیے جانے والے علمی و تحقیقی مقالات اس فکری و عملی ورثہ کے علمی تجزیہ و جائزہ کے حامل ہوں گے۔ یہ کانفرنس ایک سنجیدہ علمی کاوش ہوگی جس میں ہماری اصل توجہ ڈاکٹر غازیؒ کی علم، فکر اور عمل کے میدان میں خدمات کے علمی تجزیہ و جائزہ کی جانب رہے گی تاکہ ہم ایسا طریقہ اور دائرہ کار وضع کر سکیں جو اس میدان میں مفید پیش رفت کے لیے علم و تحقیق کی بنیاد بن سکے۔

مختلف علوم وفنون کے ماہرین کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے اپنے علوم کے حوالے سے ڈاکٹر غازی کی خدمات اور کارناموں پر تحقیقی مقالے تحریر فرما کر ہماری اس کاوش میں مدومعاون بنیں۔ تحقیق و

تدریس سے وابستہ افراد کی سہولت کے پیش نظر یہاں ان گوشوں کی نشان دہی کی جارہی ہے جن میں ڈاکٹر غازی کی خدمات نسبتاً زیادہ نمایاں ہیں تاکہ وہ اپنے تحقیقی مقالوں میں ان میں سے کسی ایسے موضوع پر مقالہ تحریر کرکے پیش کرسکیں جس پر ان کی اچھی عالمانہ نظر ہو۔

اہداف و مقاصد

- ❖ مختلف شعبہ ہائے علوم کے حوالے سے ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی خدمات کو اجاگر کرنا اور ان کا علمی تجزیہ کرنا
- ❖ معاشرہ کے مختلف طبقات کی اصلاح و تربیت کے لیے ڈاکٹر غازیؒ کی خدمات کا مطالعہ و جائزہ لینا
- ❖ علمی، تعلیمی، عدالتی، قانونی، انتظامی، مالیاتی اور ریاست کے پالیسی ساز اداروں کی اسلامی تناظر میں تعمیر و ترقی میں ڈاکٹر غازیؒ کے کردار کا تجزیاتی مطالعہ کرنا
- ❖ اس سنجیدہ علمی کاوش کے نتائج کی روشنی میں مذکورہ بالا فکری، علمی اور عملی میدانوں میں مزید تحقیق و مطالعہ کے لیے راہیں متعین کرنا
- ❖ پاکستانی اور عالمی انسانی برادری کی اسلامی نقطۂ نگاہ سے فلاح و ترقی کے لیے دعوۃ اکیڈمی کے وژن اور دائرۂ کار کو مزید وسعت دینا

کانفرنس کا موضوع:

علم و فکر، تعلیم، معاشرہ و تمدن کی اسلامی تناظر کے تعمیر نو: ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی خدمات کا علمی جائزہ

## کانفرنس کے ذیلی موضوعات

اساتذہ و محققین کی سہولت کی غرض سے ذیل میں ان شعبہ ہائے علم و حیات میں سے کچھ کی نشان دہی کانفرنس کے ذیلی موضوعات کے طور پر کی جارہی ہے جن میں ڈاکٹر غازیؒ نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں تاکہ محققین ان میں سے اپنے اپنے تخصص، مہارت اور دلچسپی کا موضوع منتخب کرکے تحقیقی مقالہ تیار کرسکیں اور فکری و نظری کے ساتھ ساتھ عملی و اطلاقی سفارشات مرتب کرسکیں۔

- ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی شخصیت کی تعمیر و تشکیل: تعلیم و اثرات
- قرآن، علومِ قرآن، قرآن فہمی سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- حدیث، علوم حدیث سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- سیرت، مطالعہ سیرت سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- فقہ، اصول فقہ، بین الاقوامی قانون، قانون بین الممالک سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- قانون، تدریس قانون، وفاقی شرعی عدالت، شریعت اپیلیٹ بنچ سپریم کورٹ آف پاکستان اسلامی نظریاتی کونسل سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- تعلیم، مدارس کی تعلیم میں اصلاحات، جامعات کی تعلیم میں اصلاحات اور اس حوالہ سے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کے کام کا مطالعہ
- اقتصادیات، بنکاری و مالیاتی نظام میں اصلاحات اور غیر سودی بنیاد پر تعمیرِ نو سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- ختم نبوت: کیپ ٹاؤن ساؤتھ افریقہ کی عدالت میں ڈاکٹر غازیؒ کی علمی و عملی خدمات کا جائزہ
- دعوۃ اور فکر اسلامی: دعوۃ اکیڈمی اور فیصل مسجد کے منہج کار کا جائزہ کے علاوہ شاہ ولی اللہؒ اور مجدد الف ثانیؒ کی اصلاحی تحریکوں سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام
- اہل اسلام اور مغرب کے مابین تعلقات سے متعلقہ ڈاکٹر غازیؒ کا کام

## کانفرنس سے کون لوگ مستفید ہو سکتے ہیں؟

جامعات، کالجوں اور مدارس کے اساتذہ، محققین، مفکرین، دانش ور، طلبہ، علماء، ائمہ و خطباء، کارکنانِ دعوت، سماجی کارکنان، سرکاری افسران و ملازمین، نوجوان، خواتین، اقلیات، صحافی، سائنسدان، ماہین اقتصادیات، تاجر و سرمایہ کار، قانون دان، قانون ساز، سیاست دان

## ہدایات برائے تحقیقی مقالہ جات

۱۔ مقالہ اور تحقیق کا موضوع کانفرنس کے مقاصد اور دائرہ کار کی حدود میں ہونا چاہیے؛ ۲۔ مقالہ تحقیقی اصولوں کے مطابق تحریر کیا جائے؛ ۳۔ زبان، بیانیہ، حقائق و معلومات درست اور مستند حوالوں کے ساتھ ہوں؛ ۴۔ مقالہ حقیقی تحقیق پر مبنی، طبع زاد اور غیر مطبوعہ ہو؛ ۵۔ مقالہ اس سے قبل کسی رسالے اور مجلہ وغیرہ میں اشاعت کے لیے پیش نہ کیا گیا ہو اور نہ ہی کسی کانفرنس یا سیمینار میں پیش کیا گیا ہو؛ ۶۔ تحقیقی مقالہ حوالہ جات و کتابیات سمیت A4 سائز کے زیادہ سے زیادہ ۳۰ صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے؛ ۷۔ اجنبی اصطلاحات اور نام ترچھے (Italic) خط میں درج کریں اور قوسین (Brackets) میں اس کا اردو ترجمہ بھی تحریر کریں ۸۔ حوالہ جات، نوٹ اور تبصرہ صفحہ کے آخر (Footnotes) میں تحریر کریں مقالہ کے آخر میں (Endnotes) تمام حوالے جمع نہ کریں؛ ۹۔ ضمیمہ (جات)، کتابیات اور اشاریہ تحقیقی مقالہ کے آخر میں دیا جائے؛ ۱۰۔ مقالہ Word-2003 فارمیٹ میں ٹائپ کیا گیا ہو' Inpage میں ٹائپ شدہ خلاصے اور مقالے قبول نہیں کیے جائیں گے؛ ۱۱۔ مقالہ کا پہلا صفحہ تحقیق کے مکمل عنوان، محقق کے نام اور عہدہ اور کام کی جگہ کی معلومات پر مشتمل ہونا چاہیے؛ ۱۲۔ تحقیقی مقالہ کا دو صفحات پر مشتمل خلاصہ اور اس کے ساتھ کانفرنس کی بقیہ دو زبانوں میں سے کسی ایک میں اس خلاصہ کا ترجمہ مکمل مقالہ کے ہمراہ لازماً بھیجا جائے؛ ۱۳۔ مقالے کے اولین خلاصے (Abstract) کے ہمراہ محقق کے مکمل کوائف (CV) بھی ارسال کیا جائے

## رجسٹریشن

- مقالہ نگار: ایک ہزار (۱۰۰۰) روپے۔ عام شرکاء: چھ سو (۶۰۰) روپے۔ طلبہ وطالبات: چار سو (۴۰۰) روپے۔
- بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ وطالبات: دو سو (۲۰۰) روپے
- قبل از وقت (۳۰ ستمبر ۲۰۱۶ء سے پہلے) رجسٹریشن کرانے والوں کو ۲۵ فیصد رعایت دی جائے گی۔

- مقالہ نگار حضرات و خواتین کو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے قوانین اور کانفرنس کی پالیسی کے لحاظ سے اعزازیہ پیش کیا جائے گا۔
- کانفرنس کے تمام اجلاس میں شرکت کرنے والے رجسٹرڈ شرکاء کو کانفرنس کِٹ اور سندِ شرکت دی جائے گی۔

## دعوۃ اکیڈمی

دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔ اس کے قیام کا مقصد لوگوں کو اسلام اور اسلامی تعلیمات و احکام کی طرف دعوت دینا ہے۔ اس مقصد کے حصول کی غرض سے دعوۃ اکیڈمی مختلف طبقات زندگی کے لیے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرتی ہے، کتب اور کتابچے تیار اور شائع کرتی ہے، خط و کتابت کورسوں اور آڈیو اور وڈیو سی ڈی کے ذریعہ سے لوگوں تک دین کا پیغام پہنچاتی ہے اور لیکچر، سیمینار اور کانفرنسوں کا اہتمام کرتی ہے۔ دعوۃ اکیڈمی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہ مختلف دعوتی موضوعات پر اب تک ۲۴ زبانوں میں ایک ہزار سے زائد کتب اور کتابچے شائع کرنے کے ساتھ ساتھ ماہنامہ دعوۃ اور سہ ماہی تحقیقی مجلہ (Insights) بھی شائع کرتی ہے۔ اس کے علاوہ دعوۃ اکیڈمی کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ اکیڈمی دس (۱۰) قومی اور بین الاقوامی زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم شائع کرچکی ہے۔ مختلف طبقات زندگی کے لیے ۸۰۰ سے زائد قومی اور بین الاقوامی تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا جاچکا ہے۔

Conference Languages
Urdu, Arabic and English

کانفرنس کی زبانیں
اُردو، عربی، انگریزی

لغات المؤتمر
اللغة العربية والأردية والإنجليزية

## مواعيد مهمة

| | |
|---|---|
| آخر موعد لاستقبال الملخصات: | ٣٠ سبتمبر ٢٠١٦م |
| إعلان نتائج الملخصات المقبولة: | ١٠ تشرين الأول ٢٠١٦م |
| آخر موعد لاستقبال البحوث الكاملة: | ١٠ يناير ٢٠١٧م |
| إعلان البحوث المقبولة: | ٢٤ يناير ٢٠١٧م |
| موعد انعقاد المؤتمر: | ١٥-١٦ فبراير ٢٠١٧م |

مكان انعقاد المؤتمر: قاعة العلامة إقبال، الجامعة الإسلامية العالمية، مسجد الملك فيصل - إسلام آباد

للاتصال والمراسلة: الدكتور محمد شاهد رفيع- سيكرتير لجنة الأكاديمية للمؤتمر
الهاتف: ٠٥١-٩٢٦١٥٦٤، الفاكس: ٠٥١-٩٢٦٣٤٤٢
البريد الكتروني: <dawah.conf@iiu.edu.pk>, <research.dawah@iiu.edu.pk>
الدكتور محمد إمتياز ظفر: أمين المؤتمر، الهاتف ٠٥١-٢٢٥٢٥٣٨
الدكتور سهيل حسن : رئيس المؤتمر، الهاتف ٠٥١-٢٢٦٠١٦٨

## اہم تاریخیں

| | |
|---|---|
| مقالہ کا خلاصہ (Abstract) بھیجنے کی تاریخ: ۳۰ ستمبر ۲۰۱۶ء | مکمل مقالہ بھیجنے کی حتمی تاریخ: ۱۰ جنوری ۲۰۱۷ء |
| منتخب خلاصوں (Abstracts) کی منظوری کا اعلان: ۱۰ اکتوبر ۲۰۱۶ء | مقالہ کی منظوری کا اعلان: ۲۴ جنوری ۲۰۱۷ء |
| | انعقاد کانفرنس: ۱۵_۱۶ فروری ۲۰۱۷ء |

مقام: علامہ اقبال آڈیٹوریم، فیصل مسجد کیمپس، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

برائے رابطہ: ڈاکٹر محمد شاہد رفیع: سیکریٹری، کانفرنس اکیڈمک کمیٹی
فون: ۰۵۱_۹۲۶۱۵۶۴، فیکس: ۰۵۱_۹۲۶۳۴۴۲
ای میل: <dawah.conf@iiu.edu.pk>; <research.dawah@iiu.edu.pk>
ڈاکٹر محمد امتیاز ظفر: کانفرنس سیکریٹری (۰۵۱_۲۲۵۲۵۳۸)
ڈاکٹر سہیل حسن: کانفرنس چیئرمین (۰۵۱_۲۲۶۰۱۶۸)

## Important Dates

| | |
|---|---|
| Submission of Abstracts: | September 30, 2016 |
| Announcement of Approved Abstracts: | October 10, 2016 |
| Submission of Research Papers: | January 10, 2017 |
| Announcement of Approved Papers: | January 24, 2017 |
| Conference Dates: | February 15-16, 2017 |

Conference Venue: Allama Iqbal Auditorium, Faisal Masjid Campus, IIUI

**Conference Correspondence:**

Dr Muhammad Shahid: Secretary, Conference Academic Committee
Phone: 051-9261564; Fax: 051-9263442
E-mail: <dawah.conf@iiu.edu.pk> <research.dawah@iiu.edu.pk>

Dr Muhammad Imtiaz Zafar: Conference Secretary, 051-2252538

Dr Suhail Hassan: Conference Chairman, 051-2260168

DA'WAH ACADEMY
International Islamic University, Islamabad